سوال

(300) زید مجرد زندگی بسر کرتا ہے اس کی عمر ساٹھ (۶۰) سال کی ہے اس کی شادی ہو ہی نہ سکی کیا اس کے پیچھے نماز جائز ہے؟ علم شریعت جا تتا ہے۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید مجرد زندگی بسر کرتا ہے اس کی عمر ساٹھ (۶۰) سال کی ہے اس کی شادی ہو ہی نہ سکی کیا اس کے پیچھے نماز جائز ہے؟ علم شریعت جا تتا ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زید نکاح کا منکر نہیں ہے کوشش کے باوجود نکاح نہیں ہو سکا اس میں زید کا اپنا کوئی قصور نہیں ہے امامت کے شرعی اوصاف سے وہ متصف ہے تو اس کی امامت جائز ہے۔ ہذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب۔ (حررہ محمد صدیق سرگودہا، تنظیم اہل حدیث جلد نمبر ۲۱ شمارہ نمبر ۱۷)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 228

محدث فتویٰ